अनुक्रमांक

नाम:

104 **304**

**2019**

**उर्दू**

समय : तीन घण्टे 15 मिनट ] [ पूर्णांक : 100

नोट : प्रारम्भ के 15 मिनट परीक्षार्थियों को प्रश्नपत्र पढ़ने के लिए निर्धारित हैं।

1. اپنی پڑھی ہوئی کتاب میں سے صرف ایک اقتباس کی تشریح سیاق وسباق کے ساتھ کیجئے۔ 10

فادر انصاری

(ادبی پارے)

(i)

اس فصل میں زبان کے حسن قدرتی کے لیے موسم بہار ہے۔ یہ وہ وقت ہے کہ مضامین کے پھول گلشن فصاحت میں اپنے قدرتی جوبن دکھا رہے ہیں۔ حُسن قدرتی کیا شے ہے ؟ ایک لطف خداداد ہے جس میں بناؤ سنگار کا نام آ جائے تو تکلف کا داغ سمجھ کر سات سات پانی سے دھوئیں۔ ان کا گلزار نیچر کی گل کاری ہے۔ صنعت کی دست کاری یہاں آ کر قلم لگائے تو ہاتھ کاٹے جائیں۔





(ii)

دنیا اس واقعے پر، آسمان اس منظر پر اور زمین اس کیفیت پر جب بھی اور اب بھی روئی اور روئے گی۔ امام حسینؓ نے بچہ کو لے کر چلنے کا قصد کیا تو دوسرا قدم ایک سر پر پڑا جو ردا میں لپٹا ہوا امام کے پاؤں پر رکھا ہوا تھا۔ سر اٹھایا تو دیکھا کہ جان جائی بہن زینب بنت علی کے پاؤں پڑی ہے۔

(ادب پارے)

(i)

ماہ طلعت ان باتوں سے زیادہ مکدر ہوئی۔ شہزادے سے کہا اگر میری باتوں کا طوطا صاف جواب نہ دے گا تو اس نگوڑے کی گردن مروڑ اپنے تلووں سے اس کی آنکھیں ملوں گی جب دانہ پانی کھاؤں پیوں گی۔ جان عالم نے کہا کچھ حال تو کہو۔ طوطے نے گزارش کی کہ حضور یہ مقدمہ غلام سے سُنیے۔

(ii)

انیسویں صدی کا زمانہ ہندوستان میں مذہبی اصلاح اور نشاۃ الثانیہ کا دور تھا۔ مذہبی تہذیب کی ٹکر سے لوگوں کے خیالات میں ایک ہیجان سا پیدا ہو گیا جس کا اثر سب سے پہلے مذہبی جذبے کی بیداری کی شکل میں ظاہر ہوا جیسا کہ کم و بیش ایک ہزار سال پہلے جنوبی ہند میں اسلامی تہذیب کی ٹکر سے پیدا ہوا تھا اور شنکر اچاریہ اور رامانج جیسے دوسرے پیشواؤں کے اصلاحی تحریکوں کا محرک بنا تھا۔



StudentSuvidha.com
downloaded from
Download all NOTES and PAPERS at StudentSuvidha.com

2. مندرجہ ذیل عبارت کا خلاصہ اپنے الفاظ میں تحریر کیجیے : 10

میدان میں جگہ جگہ روشنی دکھائی دے رہی تھی۔ اس نے دیکھا کہ اس پوری جگہ کو بیل گاڑیوں اور بندھے ہوئے جانوروں سے گھیر دیا گیا ہے۔ وہ دو خیموں اور ان کے درمیان ایک چھوٹے خیمے کی شناخت کر سکتی تھی۔ اس نے ایک بچے کے رونے کی آواز سنی۔ اسی وقت اس نے کچھ عورتوں کو ایک الاؤ کے گرد بیٹھے دیکھا۔ تازہ پکی روٹیوں اور کٹی ہوئی پیاز کی خوشبو اس کی ناک تک پہونچی اور اسے شدت سے بھوک کا احساس ہوا۔ آنسوؤں سے تر اپنی آنکھوں کے ساتھ وہ خاموشی سے کھڑی انہیں دیکھنے لگی۔

3. اپنی پڑھی ہوئی کتاب میں سے صرف پانچ اشعار کی تشریح کیجیے: 15

(ادبی پارے نظم)

(i) ہمارے پاس ہے کیا جو فدا کریں تجھ پر؟
مگر یہ زندگی مستعار رکھتے ہیں

(ii) صبر تھا ایک مونس ہجراں
سو وہ مدت سے اب نہیں آتا

(iii) عمر بھر دیکھا کیے مرنے کی راہ
مر گئے پر دیکھیے دکھلائیں کیا





(iv) رنگ چاہے اگر اس باغ میں آزادی کا
نکہت گل کی طرح شوق سفر پیدا کر

(v) وہ سوداز ندگی کا ہے کہ غم انسان سہتا ہے
نہیں تو ہے بہت آسان اس جینے سے مر جانا

(vi) ہے منع راہ عشق میں دیر و حرم کا ہوش
یعنی کہاں سے پاس ہے منزل کہاں سے دور

(vii) آلام روزگار کو آساں بنا دیا
جو غم ہوا اسے غم جاناں بنا دیا

(viii) اے شوق نظارہ کیا کہیے نظروں میں کوئی صورت ہی نہیں
اے ذوق تصور کیا کیجیے، ہم صورت جاناں بھول گئے

(ix) مرے قہقہوں کی زد پر کبھی گردشیں جہاں کی
مرے آنسوؤں کی زد میں کبھی تلخی زمانہ

(x) وہی ہے ضبط غم لیکن اب آنسو آئے جاتے ہیں
وہی ہے دل مگر اب آگ پانی ہوتی جاتی ہے



StudentSuvidha.com
downloaded from
Download all NOTES and PAPERS at StudentSuvidha.com

(ادب پارے نظم)

(i) نالے کریں سمجھ کے اے بلبل
باغ میں اک کنارہ ہیں ہم بھی

(ii) بے خوابی تری آنکھوں پہ دیکھوں ہوں مگر رات
افسانہ مرے حال کا مذکور ہوا ہے

(iii) نزدیک آ چکی ہے سواری بہار کی
برگِ خزاں رسیدہ گلستاں سے دور ہوں

(iv) برنگِ شمع ہم دل سوختوں نے بزمِ عالم میں
زباں کھولی نہ لیکن بات کرنے کا محل پایا

(v) دیکھنا کثرتِ بلانوشی
کاسۂ آسماں ہے جام مرا

(vi) جرم معلوم ہے زلیخا کا
طعنۂ دستِ نارسا کب تک

(vii) ہے خبر گرم ان کے آنے کی
آج ہی گھر میں بوریا نہ ہوا





(viii) موجِ خوں سر سے گزر ہی کیوں نہ جائے
آستانِ یار سے اٹھ جائیں کیا

(ix) تم کہ بیداد کرو اور نہ شرماؤ ذرا
ہم کہ ناکردہ گنہ اور پشیمان بہت

(x) نہیں معلوم محبت میں اثر ہے کہ نہیں
جو اِدھر ہے مری حالت وہ اُدھر ہے کہ نہیں

4. اپنی پڑھی ہوئی کتاب میں سے کسی ایک کی تشریح ضروری حوالوں کے ساتھ کیجیے : 10

(ادبی شہ پارے)

(الف)

مجھے عشق کے پر لگا کر اڑا
مری خاک جگنو بنا کر اڑا
خرد کو غلامی سے آزاد کر
جوانوں کو پیروں کا استاد کر
ہری شاخِ ملت ترے نم سے ہے
نفس اس بدن میں ترے دم سے ہے
جگر سے وہی تیر پھر پار کر
تمنا کو سینوں میں بیدار کر



StudentSuvidha.com
downloaded from
Download all NOTES and PAPERS at StudentSuvidha.com

(ب)

دور کوہ لب ساحل سے جو گزری اک موج
کوہ نے اس سے کہا، تو نے نہ دیکھا مرا اوج
مجھ سے مل کر تجھے جانا تھا برائے دم چند
بولی سالک کبھی کرتے نہیں ساکن کو پسند
ہیں بڑے آپ مگر اپنی جگہ سے ہیں اٹل
اپنی رفتار میں کیا فائدہ ڈالوں میں خلل
سن کے اس بحث پہ بولا کسی جانب سے حباب
پوچھیے موج سے ہے بھی اسے رک جانے کی تاب

(ادب پارے)

(الف)

کسی شہر میں تھا کوئی بادشاہ
کہ وہ تھا شہنشاہ گیتی پناہ
بہت حشمت و جاہ و مال ومنال
بہت فوج سے اپنی فرخندہ حال
کئی بادشاہ اس کو دیتے تھے باج
خطا و ختن سے وہ لیتا خراج
کوئی دیکھتا آکے جب اس کی فوج
تو کہتا کہ ہے بحر ہستی کی موج





(ب)

بچپن کی اے اداس انگیٹھی خدا گواہ
کیا کہیے تجھ پہ آج پڑی کس طرح نگاہ
تو اور خاک سرد یہ یوں شل سوگوار
افسوس اے زمانۂ طفلی کی یادگار
مری ہی طرح کیا ترا پہلو بھی سرد ہے
کیا تیرے آئینے پہ بھی ماضی کی گرد ہے
افسوس وہ نشاط کے موسم کے زمزمے
جاڑوں کی دلفریب وہ راتیں وہ چہچہے

5. درج ذیل اصناف ادب میں سے کسی ایک پر نوٹ لکھیے: 10

(i) مختصر افسانہ

(ii) انشائیہ

(iii) مضمون نگاری

(iv) مثنوی

(v) قصیدہ نگاری

(vi) نظم



StudentSuvidha.com
downloaded from
Download all NOTES and PAPERS at StudentSuvidha.com

6. مندرجہ ذیل نثر نگاروں اور شاعروں میں کسی ایک کے مختصر حالات و خصوصیات پر روشنی ڈالیے: 10

(i) میرامن

(ii) مولانا الطاف حسین حالی

(iii) ابوالکلام آزاد

(iv) حکیم مومن خاں مومن

(v) مرزا محمد رفیع سودا

(vi) اقبال

7. استعارہ، تجاہل عارفانہ، تلمیح، تشبیہ میں سے کسی دو پر مع امثال نوٹ لکھیے۔ 10

8. مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب تحریر کیجیے: 10

(الف) غالب کا سنہ وفات کیا ہے؟

(i) 1867 (ii) 1869

(iii) 1871 (iv) 1872





(ب) مندرجہ ذیل شعر میں کون سی صنعت ہے؟

کیا فرض ہے کہ سب کو ملے ایک سا جواب
آؤ نہ ہم بھی سیر کریں کوہ طور کا

(i) تلمیح (ii) لف ونشر

(iii) تضاد (iv) تجاہل عارفانہ

(ج) مطلع کسے کہتے ہیں؟

(i) غزل کا پہلا شعر (ii) غزل کا اچھا شعر

(iii) غزل کا آخری شعر (iv) غزل کا خراب شعر

(د) "شعاع امید" کس کی نظم ہے؟

(i) حالی (ii) اقبال

(iii) چکبست (iv) جوش

(ہ) میر کی وفات کس شہر میں ہوئی؟

(i) دہلی (ii) اکبرآباد

(iii) لکھنؤ (iv) عظیم آباد

(و) قصیدے کے لیے کون سا شاعر مشہور ہے؟

(i) میر درد (ii) شاہ حاتم

(iii) سودا (iv) جرأت



downloaded from StudentSuvidha.com

Download all NOTES and PAPERS at StudentSuvidha.com

(ز) "مرثیہ حالی" کس نے لکھا ہے ؟

(i) صفی لکھنوی (ii) میر انیس

(iii) مجاز (iv) مرزا دبیر

(ح) نعت کسے کہتے ہیں ؟

(i) حضرت علی کی تعریف (ii) خدا کی تعریف

(iii) رسولؐ کی تعریف (iv) ولی کی تعریف

(ط) قصیدہ کس لفظ سے مشتق ہے ؟

(i) قاصد (ii) قصد

(iii) مقصد (iv) مقصود

(ی) قافیہ کسے کہتے ہیں ؟

(i) شعر کے پہلے مصرعے کا پہلا لفظ

(ii) دوسرے مصرعے کا آخری لفظ

(iii) ردیف کے پہلے آنے والا لفظ

(iv) وہ لفظ جس کی تکرار ہر شعر میں ہو

یا

مندرجہ ذیل محاوروں اور کہاوتوں میں سے **پانچ** کو اس طرح اپنے جملوں میں استعمال کیجیے کہ اُن کا مفہوم واضح ہو جائے :

(i) آنکھ کا اندھا گانٹھ کا پورا

(ii) پڑھے نہ لکھے نام محمد فاضل





(iii) جادو وہ جو سر چڑھ کے بولے

(iv) دودھ کا دودھ پانی کا پانی

(v) گھر کی مرغی دال برابر

(vi) آگ میں تیل ڈالنا

(vii) پھونک پھونک کر قدم رکھنا

(viii) پیٹ میں چوہے دوڑنا

(ix) ہو کا عالم ہونا

(x) شیر و شکر ہونا

9. عنوانات ذیل میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے : 15

(i) حب الوطنی

(ii) کسی تاریخی مقام کی سیاحت

(iii) میلے کی سیر

(iv) صفائی نصف ایمان ہے

(v) اردو زبان



StudentSuvidha.com
downloaded from
Download all NOTES and PAPERS at StudentSuvidha.com